تلنگانہ

کَنٹِی ویلوگو

قابلِ بچاؤ نابینا پن
سے پاک تلنگانہ
(ABFT)

"جیتے جی خون کا عطیہ

جاتے جاتے آنکھوں کا عطیہ"

ویژن اسکریننگ کیمپ

یوزر گائیڈ

محکمہ صحت اور خاندانی بہبود، حکومت تلنگانہ

کنٹِی ویلوگو ۔کیمپ لے آؤٹ پلان

جدول - ۱

رجسٹریشن (میڈیکل ریکارڈ)

اسٹاف: ۲ ASHAs

↓

جدول - ۲

بصری (نظر کی) خرابی کا اندازہ

اسٹاف: ASHAs۔(۳ رمیٹر چارٹ)

↓

جدول-۳

۳رسی	۳ربی	۳راے
ادویات کی تقسیم	آنکھوں کے سامنے کے حصے کی تشخیص	طبی اور بصارتی ریکارڈ

اسٹاف: میڈیکل آفیسر اور اے این ایم

ٹیاب-۱

رجسٹریشن کی تفصیلات اور ۱ تا ۶ فیلڈس (بصری شفافیت کا نسخہ)

↓

جدول-۴

۴۔بی	۴۔اے
بصارتی کمزوری دور کرنے والے لینس کی تشخیص (۶ رمیٹر چارٹ)	بصارتی کمزوری کی تشخیص

اسٹاف: آپٹومیٹریسٹ (ماہر امراضِ چشم) اور ا رمعاون کارکن

↓

جدول-۵

۵ربی	۵راے
معلومات کا اندراج اور عینک کے ساتھ تصویر	چشموں کا اجرا یا حکم

اسٹاف: اے این ایم اور دیگر معاون کارکن

ٹیاب-۲

آپٹومیٹرسٹ (ماہر امراض بصارت) کا مشاہدہ اور چشموں کے ساتھ تصویر

↓

اگر بصارت = ۶/۶ تا ۶/۹ ہو →

EXIT

جدول-۱ رجسٹریشن - طبّی ریکارڈ

انفرادی رجسٹریشن طبّی ریکارڈ میں

↓

آدھار کارڈ - بنیادی شخصی تفصیلات (Demographic) ریکارڈ محفوظ کرنے کیلئے

↓

بنا کسی آلہ کے تعاون سے بصارتی تشخیص

کون کرے گا

- محکمہ صحت کے ۲ رتسلیم شدہ سماجی جہدکار (ASHAs)

وقت کا دورانیہ

- ۲ رتا ۳ رمنٹ کیلئے - تفصیلات اکٹھا کرنا اور اسکریننگ فارم مختص کرنا

ممکنہ نتیجہ

- فرد کی بنیادی شخصی تفصیلات (Demographic record)

جدول-۲ بنا کسی آلہ کے تعاون سے بصارتی تشخیص



بنا کسی آلہ کے بصارتی تشخیص کی میز پر ASHAs (جہدکار) موجود ہوں گے۔

↓

فاصلاتی اور نزدیکی بصارتی کمزوری کا اندازہ لگایا جائے گا۔ ← طریقہ کار ذیل میں بیان کیا گیا ہے

↓

بصارتی کمزوری کی سابقہ تفصیلات اور بصارتی پردہ کی تشخیص

فاصلاتی بصارتی عارضہ

اسنیلین چارٹ:

یہ چارٹ فاصلاتی بصارت کی کمزوری (دور کی نظر کی خرابی) جانچنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

اسے ۲ رسطروں کے جلی حروف یا ''لڑھکتا - ای'' کو 4 مختلف سمتوں میں پرنٹ کیا جاتا ہے (اوپر، دائیں، نیچے اور بائیں)۔

پہلی سطر ایک بڑے حرف پر مشتمل ہوتی ہے اور اس کے بعد کی قطار میں چھوٹے ہوتے ہوئے حروف کی تعداد بڑھتی جاتی ہے۔

طریقہ کار

تشخیص کئے جانے والے شخص کو چارٹ سے 3 میٹر یا 10 فٹ کے فاصلے پر بٹھایا جائے گا۔

بصارتی کمزوری کی تشخیص ایک وقت میں ایک آنکھ کی کی جاتی ہے۔

وہ شخص اپنی بائیں آنکھ کو ڈھانکتا ہے (اپنی ہتھیلی / اوکلوڈر۔کالا عدسہ سے) اور حروف پڑھ کر لڑھکتے ہوئے حرف کی کھلی سمت بتاتا ہے۔

(کھلی آنکھ سے) قطاروں میں موجود سب سے چھوٹے حروف کے (صاف) پڑھنے پر (مریض کی بصارتی قابلیت کو) ڈاکٹر ریکارڈ کرتا ہے۔

دوسری آنکھ کیلئے بھی یہی طریقہ کار دہرایا جائے گا (پہلے ٹیسٹ کی ہوئی آنکھ کو ڈھانک کر)۔

انفرادی ھدایات:

خط کے چارٹ کو پڑھنے کیلئے: ''براہ کرم چارٹ پر موجود حروف تہجی کو پڑھیں، پہلی سطر سے شروع ہو کر بائیں سے دائیں جانب''۔

''لڑھکتا۔ای'' چارٹ کیلئے: ''براہ کرم ''ای'' کے کھلے حصے کی سمت بتائیں۔ پہلی سطر سے شروع ہو کر بائیں سے دائیں جانب''۔

نزدیکی بصارتی کمزوری کی تشخیص

نزدیکی بصارتی چارٹ/کتابچہ:

کتابچہ/ چارٹ نزدیکی بصارتی کمزوری کی پیمائش کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

کتاب ''لڑھکتا۔ای'' چارٹ کے چھوٹے ورژن اور مختلف سائز کے متن کے پیراگراف پر مشتمل ہے، جیسے: N6، N12، N24 اور N36

طریقہ کار:

جس شخص کی جانچ کی جارہی ہے وہ چارٹ یا کتابچہ کو خود سے 30-40 سینٹی میٹر دور رکھے گا (جو عام طور پر فرد کے پڑھنے کا فاصلہ ہوتا ہے)۔

بصارتی کمزوری کی تشخیص ایک وقت میں ایک آنکھ کی کی جاتی ہے۔

وہ شخص اپنی بائیں آنکھ کو ڈھانکتا ہے (اپنی ہتھیلی سے یا کالا عدسہ سے) اور پیراگراف پڑھ کر لڑھکتے ہوئے حرف کی کھلی سمت بتاتا ہے۔

(اپنی کھلی آنکھ سے) قطاروں میں موجود سب سے چھوٹے حروف کو (صاف) پڑھنے پر (بصارتی قابلیت کو) ممتحن ریکارڈ کرتا ہے۔



دوسری آنکھ کیلئے بھی یہی طریقہ کار دہرایا جائے گا (پہلے ٹیسٹ کی ہوئی آنکھ کو ڈھانک کر)۔

انفرادی ھدایات:

پیراگراف کو پڑھنے کیلئے: ''براہ کرم چارٹ پر موجود متن کو پڑھیں، پہلی سطر سے شروع ہو کر بائیں سے دائیں جانب یا (اُردو ہونے پر) دائیں سے بائیں جانب''۔

''لڑھکتا۔ای'' چارٹ کیلئے: ''براہ کرم ''ای'' کے کھلے حصے کی سمت مجھے بتائیں۔

پہلی سطر سے شروع ہو کر بائیں سے دائیں جانب''۔

کون کرے گا؟

ASHAs

وقت کا دورانیہ

۳ سے ۵ منٹ فی فرد، فی ASHA کارکن کیلئے۔

ممکنہ نتیجہ

فاصلاتی اور نزدیکی بصارتی کمزوری کی پیمائش (یا تو بغیر کسی آلہ کی مدد کے ہوسکتا ہے یا فرد کے موجودہ چشموں کے ساتھ بھی)۔

۳-اے طبّی اور بصارتی ریکارڈ

طبّی ریکارڈ

ذیابیطس ملیٹس (چند دیگر بیماریاں جنکی وجہ سے خون میں شکر کی مقدار بہت بڑھ جاتی ہے) کا کوئی ریکارڈ

ہائی پرٹینشن (بلند فشار) کا کوئی بصارتی ریکارڈ

بصارتی خرابی کی موجودگی

آنکھ کا آپریشن/سرجری کا کوئی ریکارڈ

آنکھوں میں لالی/سرخی

آشوبِ چشم/ پانی کا بہنا/کوئی درد

کون کرے گا

میڈیکل آفیسر اور اسٹاف نرس/ اے این ایم

وقت کا دورانیہ

۲/سے ۳/منٹ فی فرد

ممکنہ نتیجہ

عمومی اور آنکھوں کی صحت کا ریکارڈ

۳/بی - آنکھ کے اندرونی حصے کی تشخیص:

طریقہ کار

مقصد آنکھ کے اندرونی حصے کی پیتھالوجی جانچ اور تشخیص کرنا ہے۔ جیسا کہ:

موتیابند

'کورنیا' کی حالت (انفیکشن/ چوٹ یا داغ وغیرہ)

بھینگا پن

دیدہ کے اوپر جلن کی وجہ سے بننے والی شفاف جھلی (Pterygium) کا مطالعہ اور وغیرہ

معائنہ کار (علاج کیلئے) مریض کی آنکھ پر ایک قلمی ٹارچ (پھیلی ہوئی روشنی کے ساتھ) دکھاتا ہے اور اندرونی حصہ کا معائنہ کرتا ہے۔

کسی بھی قسم کی بصارتی کمزوری کے پائے جانے پر، معائنہ کار اسکریننگ کیمپ میں فراہم کی گئی کتاب میں مرض کو ریکارڈ کرتا ہے۔

کون کرے گا

میڈیکل آفیسر (MO) قلمی ٹارچ کا استعمال کرتے ہوئے

وقت کا دورانیہ

۲/سے ۳/منٹ فی فرد (معائنہ کار ممتحن کے تجربہ پر منحصر ہے)

ممکنہ نتیجہ

اندرونی حصے کی پیتھالوجی (اگر کوئی ہے، جیسا کہ پہلے درج کیا گیا ہے)

۳ر سی ادویات کی تقسیم

طریقہ کار درج ذیل میں سے اگر مریض کو آنکھ کی کوئی بیماری ہو تو میڈیکل آفیسر زدوائیں تجویز کریں گے۔

● آشوب چشم ● خشکی (کورچشمی) ● کوئی آنکھ کا انفیکشن یا الرجی وغیرہ۔اور کوئی بھی عمومی صحت کی ادویات

یہ ادویات جانچ کے اختتام پر فراہم کی جائیں گی۔

کون کرے گا؟ میڈیکل آفیسر (MO) اور ANM۔

وقت کا دورانیہ ۲ ر منٹ فی فرد۔(ضرورت پر منحصر ہے)

ممکنہ نتیجہ ادویات کا نسخہ اور تقسیم

جدول-۴ بصارتی کمزوری کی تشخیص

۴-اے آلہ کی مدد سے بصارتی تشخیص (خودکار تشخیص)

خودکار تشخیص (آٹو ریفریکٹر) آٹو ریفریکٹر ایک بیرونی آلہ ہے جس کا استعمال آنکھ کی خراب حالت کا تیزی سے جائزہ لینے کیلئے کیا جاتا ہے۔(یعنی نزدیکی (Myopia) یا دورکی نظر (Hyperopia) یا بصارتی عدم استحکام (Astigmatism) کا؛ اور فیصلہ کرتا ہے کہ آیا کسی شخص کو بصارتی خرابی کیلئے عینک یا علاج کی ضرورت ہے؟)



طریقہ کار: (آلہ کی قسم اور ہدف پر منحصر ہے):

وہ شخص چھوٹی روشنیوں/تصاویر کو عدسہ کے ذریعے دیکھتا ہے۔

یہ آلہ بیک وقت دونوں آنکھوں یا کسی ایک آنکھ کی خراب کیفیت کی پیمائش کرتا ہے۔

انفرادی ہدایات: براہ کرم اسکرین کے درمیان میں روشنی/ٹارگٹ کو دیکھیں۔

کون کرے گا؟ ایک (ماہر امراض بصارت) آپٹومیٹرسٹ اور ایک معاون کارکن

وقت کا دورانیہ ۲ ر منٹ فی فرد

ممکنہ نتیجہ آنکھ کی خراب حالت اور اگر کسی شخص کو بصارتی اصلاح کی ضرورت ہو۔

۴ر بی کروّی (Spherical) اور دائروی (Cylendrical) عدسوں کی پیمائش

آزمائشی عدسوں کا جوڑا اور بصری تشخیصی چارٹ:

''آزمائش عدسوں کے جوڑے'' میں مثبت اور منفی طاقت کے کرّوی اور دائروی عدسے شامل ہوتے ہیں۔

آنکھوں کی جانچ کے وقت ایک آزمائشی فریم (عینک کے فریم سے ملتا جلتا) ہوتا ہے جو عدسوں کو پکڑا رہتا ہے

اندرونی بصارتی مرض کی تشخیص کے وقت ایک آنکھ سے دیکھنے کیلئے دوسری آنکھ پر کالا عدسہ (Occudar Lens) رکھا جاتا ہے۔

طریقہ کار: مقصد یہ ہے کہ اس شخص سے معلوم کرے کہ گذشتہ مرتبہ کا منظر صاف نظر آرہا تھا یا اب صاف ہے؟ وہ اپنی پسند کے منظر کا انتخاب کرے۔

بصارتی امتحان دینے والے شخص کو ویژن چارٹ سے ۶ر میٹر یا ۲۰ ر فٹ کی دوری پر بٹھایا جائے گا۔

''کالے عدسہ'' کو استعمال کرتے ہوئے ایک آنکھ کو ڈھانک کر، اس شخص کیلئے آزمائشی سیٹ کا استعمال کرتے ہوئے پہلے مرحلہ 'اے' میں حاصل شدہ اعداد و شمار ممتحن چیک کرتا ہے کہ درست ہیں یا نہیں۔

ممتحن لینس کی طاقت میں اضافہ یا کمی کرتے ہوئے اس شخص کو سب سے چھوٹی سنیلین لائن پڑھنے کی ہدایت کرے گا اور پوچھے گا کہ عدسہ کے ساتھ لائن صاف نظر آرہی ہے یا بنا عدسہ کے؟

یہ عمل اس وقت تک جاری رہتا ہے جب تک کہ بہترین درست بصری عدسہ کے نمبرات حاصل نہ ہو جائیں۔

دوسری آنکھ کیلئے بھی یہی طریقہ کار دہرایا جائے گا (پہلے ٹیسٹ کی آنکھ کو ڈھانک کر)

نتیجہ: اس شخص کیلئے تجویز کردہ سب سے موزوں عینک تلاش کیا جانا۔

کون کرے گا؟ ایک ماہر امراض بصارت (آپٹومیٹرسٹ) اور ایک معاون کارکن۔

وقت کا دورانیہ ۲-۳ منٹ فی فرد (حاصل شدہ اعداد کا اختلاف دور کیا جانا اور ڈاکٹر کے تجربہ کے مطابق)

ممکنہ نتیجہ آنکھ کے (عدسہ کی کمزوری) کی مقدار کا تعین اور عینک تجویز کرنا (اگر ضرورت ہو)۔

جدول-۵ اجراء/چشموں کی خریدی کیلئے ہدایت/معلومات کا اندراج

کاؤنٹر پر تقسیم کیا گیا:

چشمے کو اسکریننگ کیمپ کے دن ہی آسانی سے فراہم کیا جا سکتا ہے اگر بصارت کی کمزوریاں کم/سادہ ہوں۔

کیمپ کے دوسرے دن قابل تقسیم:

زیادہ بصری کمزوریوں اور دائروی نمبرات (Cylindrical power) کے ساتھ پیچیدہ نسخے وغیرہ۔

یہ نسخے ریکارڈ کیے جائیں گے اور حسب ضرورت بنانے کیلئے آرڈر کیے جائیں گے۔

ایسے پیچیدہ نسخوں والے تمام افراد کو اپنی عینکیں حاصل کر لینے کیلئے مطلع کیا جائے گا۔

کون کرے گا؟



اے این ایم اور ہیلتھ سپروائزر (کوئی دو)

وقت کا دورانیہ

۳ سے ۵ منٹ فی فرد (نسخہ پر منحصر ہے)

ممکنہ نتیجہ

تیار عینکوں کی تقسیم - یا - اپائنٹمنٹ برائے حوالگی عینک

معلومات کا اندراج (ڈیٹا انٹری)

معلومات کا اندراج دو میزوں پر کیا جائے گا:

ٹیبل ۳ پر جانچ کی تکمیل

آبادیاتی (شخصی) تفصیلات

فاصلاتی اور نزدیکی بصری نقائص

طبی اور بصارتی نقائص کا ریکارڈ

اندرونی حصے کی تشخیص کے حاصل کردہ نتائج، ایک کمپیوٹر پر مبنی اَپلی کیشن میں درج کیے جائیں گے۔

ادویات کا نسخہ (اگر کوئی ہو)

(مذکورہ بالا) مراحل کی تکمیل پر (عینک) جمع کرنا یا آرڈر دینا، ٹیبل نمبر ۵ پر

چشمے سے متعلق ماہر امراض چشم کے مشاہدات

مریض کے طبی ریکارڈ کی نقل

عینک کے ساتھ مریض کی تصویر

فلپ چارٹ

غیر تصحیح کردہ بصری یاتی کمزوری







ٹریجیم - دیدہ کے اوپر بننے والی شفاف جھلی



کیٹراکٹ - موتیا بند



موتیابند (بڑوں میں)

بھینگا پن (ترچھی نظر)

دیدہ کے درمیان ''پتلی-Iris'' کا دھندلا جانا

 

''پتلی پر نشان''۔(زخم/انفیکشن وغیرہ)

”جیتے جی خون کا عطیہ
جاتے ہوئے آنکھوں کا عطیہ“

محکمہ صحت و خاندانی بہبود، حکومت تلنگانہ